
THE BAITUSSALAM BULLETIN
01 TO 15 DECEMBER 2017 | 12 TO 26 RABI AL AWWAL 1439 A.H | VOL-2, ISSUE-30
Baitussalam.org Baitussalam_org Baitussalam_org UAN: 021-111-298-111







**BAIT-US-SALAM UPDATES**

# Baitussalam Welfare Trust: 34 containers of aid goods for the Syrian refugees depart from Karachi

Work is ongoing at a big scale to for the support and relief of Syrian refugees in collaboration with the Turkish authorities. Recently, 34 containers of goods were dispatched from Karachi of which 25 were in collaboration with AFAD, Turkey and 9 in collaboration with Diyanet foundation, Turkey.

These containers contain over 64,000 blankets, 4680 tents, and 25,400 pairs of shoes, 1500 sleeping bags and 6,000 adult diapers for patients.

The latest round of containers being loaded was also given media coverage and supported by the Chamber of Commerce and the students of the Intellect School also volunteered to help.




# First Cadaric Eye Surgery Successfully Done on the Field by BBHU


Alhamdolillah! Baitussalam Medical Team conducted a General medical camp & Eye Camp at Baitussalam Basic Health Unit (BBHU) in (Goth Deeh Kotiriro) Link Road on Sunday, 19th November 2017. The purpose of the BBHU was to provide quality Health care and treatment to the under privileged. Alhamdulillah, Our Professional and dedicated medical *Page 2*




# PAPGAI Invited Baitussalam to Participate in the Print Pak Exhibition


*Page 2*

























**BAIT-US-SALAM** UPDATES

# PAPGAI Invited Baitussalam to Participate in the Print Pak Exhibition




Karachi Papgai (Pakistan Association of Printing and Graphic Industry) organized a 03 day PakPrint exhibition at Expo Center, Karachi from 18th November 2017 till 20th November 2017. Exhibitors from all over the Country participated along with Baitussalam Publications which was specially invited to exhibit their publications by the Management. Various publications including magazines, short books and bulletin were distributed among the visitors. Alhamdolillah, a large amount of audience visited the stall of Baitussalam Publications which included expats and foreigners as well. The message and vision of Baitussalam was presented and show cased by our team designated at the stall along with a visit by our President - Hazrat Maulana Abdul Sattar (DB) who provided grooming sessions to the exhibitors.

# Raudha-tus-Salam: Registrations are open for Academic Session 2018-19



Raudha-tus-Salam is an Arabic based pre-primary and primary school run under the umbrella of Baitussalam Welfare Trust. With the aim of equipping the young minds of the society with the knowledge of the power of Quran in a fun, inspiring, creative, and conducive to learning environment, Raudha tus Salam also focuses on character building and teaching Islamic principles along with conventional studies in both Arabic and English language.

Admissions for Nursery are now open. For details, contact : 02135341805 & 0321-2364730

Recently yellow, blue and purple days were celebrated at Raudha-tus-Salam for different grade levels and the students greatly enjoyed learning about these colors through fun filled activities and give aways.

# Baitussalam Youth Club: Completion of First BAITUSSALAM YOUTH CLUB for girls' course

After the success of Baitussalam's Youth Club for Boys, Youth Club for Girls was launched with a Tarbiyati course (DEEN & DUNIYA HAND IN HAND) in October. It had 15 interactive, hourly sessions based on a variety of topics related to young Muslimahs. We discussed about strengthening the basics by learning the value of Imaan and moral values and moving ahead in life with positive friendships and beneficial use of the social media while removing obstacles like music and unproductivity. Professionals were also invited to guide our students in their respective fields like personal management, having a healthy diet and sleep, dealing with peer pressure etc. The discussions were also followed by short refreshing activities sessions. After the successful completion of the course, Youth Club membership cards and certificates were given to the students.

# Baitussalam goes Tech! Introducing BLATU



LEGO robots made by students

BSWT has taken a step towards Science and Technology with the launch of BLATU a Science and Technology Institute! Up to date knowledge of technological advancements and scientific discoveries is a need of time and that's the need that BLATU aims to fulfill in the light of Shariah.

Robotics classes have already begun at the institute and the institute is also being used as a media house and documentary is in the process of being made on the plight of Rohingya and Syrian refugees and the and how BSWT is making optimum effort with help of Pakistani people and Turkish authorities to provide whatever relief it can to the refugees.

The students of BLATU will also actively participate in Science and Technology competitions. Students of Jamia Baitussalam, already active in this field will also benefit from this institute.

## Crossword Puzzle Dec'17-1




**ACROSS**

1. Abyssinia
2. Ceylon
3. Tylos

**DOWN**

4. Benadir
5. Zanzibar
6. Java

**Answers Puzzle Nov'17-2**
**Across:** 1-January; 2-Sibtambir; 3-Ibril
**Down:** 4-Mayu; 5-Uktumbur; 6-Fibrayir

**Note: Answers will be published in the December'17-2 issue of TBB**

Designing & Illustration by Fahmedeen Publications


# Jamia Baitussalam Talagang: Arabic poetry and verses competition held



A competition was held at Jamia Baitussalam Talagang based on Arabic poetries and verses. Students learned around 80 Arabic verses and 50 students started the completion from which, after going through various rounds, 12 students were left to compete from which eventually the final winners emerged. Overall it was an interesting competition and showed off the Arabic language skills of the participants greatly.

# Baitussalam Fahmedeen Markaz: Course on Wealth Distribution and Inheritance

A course on is being conducted for ladies only at Fahmedeen Markaz, the deceased for burial according to the Shariah way. Almost 50 ladies



Phase-4, Karachi , on the topic of Inheritance, Will and Distribution of Wealth . As part of the course, recently a practical class was also conducted on preparing the body of actively participated in the class and over 50 are registered for the course which is imparting very important knowledge with regards to a very important issue.

**NEWS** & VIEWS

# On the brink of disaster': children starve in siege of Syria's former breadbasket

With a political breakthrough unlikely at upcoming talks, people in eastern Ghouta face shortages of food, fuel and medicine



More than 400,000 people still live in the region bordering Damascus that was once a breadbasket for the capital city, but has endured many of the horrors of Syria's six-year war.

The siege of eastern Ghouta, which started in the deadly 2013 sarin gas attack that nearly provoked a US intervention in the war, has continued for years with conditions getting steadily worse. Siege Watch, a project that tracks blockades in Syria, has said the area is "on the brink of disaster".

The lack of fuel will leave many more people struggling to survive in the cold as winter sets in. Airstrikes have continued, with rescue workers saying 181 targeted eastern Ghouta this week.

The region had long been porous, with smugglers able to maintain supply lines for some foodstuffs and goods. This ended in April after a major government offensive in the blockade. Aid workers and residents report that malnourishment among children is rife and there is an acute shortage of medicine and supplies. Most of the food that can be found is too expensive and airstrikes and shelling continue to devastate towns with limited supplies of electricity and clean drinking water.

Cases of tuberculosis, brucellosis, hepatitis and measles have been reported, as well as cases of moderate and severe malnutrition, in addition to some cases of dwarfism, where children are developmentally stunted due to a lack of nutrition, meaning a child of five would remain at the height of a two-year-old.

# First Cadaric Eye Surgery Successfully Done on the Field by BBHU

team of volunteers included 9 Doctors from well-known hospitals in Karachi, 28 volunteers inclusive of Paramedics, Pharmacist & students from Different Colleges and Universities participated to give treatment, care & medications (free of cost) to over 500 patients including kids, adults & elderly People from Goth Deeh Kotiriro, Goth Damloti, Goth Darsano channo and around 45 more goth from the surroundings came for OPD. Moving further, BBHU also inaugurated the operation theater (O.T) to cater cataract surgeries The initiation of OT was held by 1 Eye specialists surgeon 1 Doctor and 5 Peramedic team Members who Performed general Eye Checkup as well as 10 Cataract surgeries same day, patient's follow up with checkup was done on the following day, (More special treatments will be done soon in near future). Aim and vision of the BBHU is to set up thousands of camps at different rural localities not just in Pakistan but Beyond borders to provide free of cost Quality Health Care inshaa'Allah.

Presentation and a work shop session was also held by BBHU (between Doctors and Ehealth Professional) in which E-health was briefly discussed to provide more and better Quality health Care to Patients all over Pakistan, from cities to rural areas.






## Baitussalam Publications

**Did you ever wish to seek true knowledge to a peaceful life of Islam?**

Discover the exciting treasures of wisdom through Baitussalam Publications delivered right to your doorsteps.




☑ Yes! start my subscription for Date:____
☐ New ☐ Renewal {Reg. # ____} ☐ Send a free copy
☐ Gift {From: ____ Mobile # ____ Email: ____

Name: ____
Address: ____
Phone: ____ Mobile: ____
Email: ____

**Payment Mode:** (Amount in Rs ____ in words: ____
☑ Yes! find enclosed ☐ Cheque ☐ Demand Draft ☐ Paid Cash at Shop
☐ Cash on delivery { only for Pakistan @ Rs.75/- for Karachi }
Remarks: ____ Rep Name: ____

Address: 30-C, Basement, 2nd Commercial Street, Phase-4, D.H.A., Karachi, Pakistan
for further Inquiries: +92 21 35313274, +92-314-2981344, 021-111-298-111

WWW.BAITUSSALAM.ORG/PUBLICATIONS

Published by Baitussalam Publications, Karachi-Pakistan | www.baitussalam.org | editor.tib@gmail.com | Printed by : WASA Printers Pvt Ltd.








# دی بیت السلام بلیٹن

یکم تا 15 دسمبر 2017ء 12 تا 26 ربیع الاول 1439ھ

## بہترین ہم نشیں

یہ مقولہ تقریبا ہر ایک نے پڑھ، سن رکھا ہے کہ "کتاب بہترین ہم نشین ہے"۔ یقینا بہت سے لوگ اپنی ہم نشینی کے لیے اس کا انتخاب بھی کرتے ہیں۔ ایسے لوگ بھی ہیں، جو اپنا کوئی لمحہ فارغ نہیں رہنے دیتے، بلکہ ذرا سا بھی وقت ملے کسی نہ کسی کتاب کے مطالعے میں مشغول رہتے ہیں، کون نہیں جانتا کہ کتاب صرف وقت ضائع ہونے سے ہی نہیں بچاتی، بری صحبت اور برے ماحول سے محفوظ بھی رکھتی ہے، یہی نہیں بلکہ کتاب وہ سچا دوست ہے جس کی ہم نشینی ایک ایک لمحہ قیمتی بناتی ہے، معلومات میں اضافہ ہوتا ہے، اس طرح علم حاصل کرنے کی فضیلت بھی حاصل ہوتی ہے۔ شوق مطالعہ، کتاب دوستی، اس کی ہم نشینی، علم کے حصول کی جدو جہد کے بہت ہی عجیب وغریب واقعات سے بیسیوں کتب بھری ہوئی ہیں۔

ترقی کے اس دور میں جہاں اور ہر شعبے نے ترقی کی، وہاں کتابوں سے تعلق رکھنے والے شعبہ جات نے بھی ترقی کے عجیب مدارج طے کیے ہیں، مثال کے طور ڈیجیٹل لائبریریوں کو ہی دیکھ لیا جائے، ہزاروں کتب ایک چھوٹی سی ہارڈ ڈیسک اور یو ایس بی میں منتقل ہو جاتی ہیں، کمپیوٹر اور لیپ ٹاپ میں تھوڑی سی جگہ لے کر کتب کا بے انتہا ذخیرہ نہ صرف محفوظ ہو جاتا ہے بلکہ اس سے استفادہ بہت ہی آسان ہو گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ، وقتا فوقتا دنیا کے تمام ہی ممالک میں کتابوں کے بڑے بڑے میلے منعقد ہوتے ہیں، لاکھوں، کروڑوں لوگ اپنے ذوق شوق کے مطابق کتابیں خریدتے اور ان سے استفادہ کرتے ہیں۔

جس بات کی طرف ہم ان سطور میں اپنے قارئین کی توجہ مبذول کروانا چاہتے ہیں، وہ کتاب کا انتخاب ہے، یقینا ہر کتاب ہر ایک کے پڑھنے کی نہیں ہوتی، گمراہ فرقوں، بدمذہب لوگوں نے گمراہی پھیلانے کے جہاں اور بہت سے راستے اور طریقے منتخب کیے ہیں، وہیں انھوں نے علم اور مطالعے کے رسیا لوگوں پہ محنت کے لیے اس پہ بھی کام کیا ہے اور ہر موضوع پہ بہترین طباعت کے ساتھ ایسی ایسی کتب لکھ چھوڑی اور ہر جگہ پھیلا دی ہیں، کہ پڑھنے والا شک وشبہے میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اس لیے وہ حضرات وخواتین جنھیں مطالعے کا ذوق شوق ہو، کسی مستند عالم سے اس بابت رہ نمائی ضرور لیتے رہا کریں کہ کون سی کتب پڑھی جائیں اور کون سی نہیں، کس طرح کی کتب زیر مطالعہ رہنے سے نقصان کا اندیشہ ہے، شیطان کے وساوس اور گمراہی پھیلانے والوں کی تباہ کاریوں سے بچنے کا ایک ہی راستہ ہے کہ اس بابت بھی علماء سے رہ نمائی لینا ایک معمول بن جائے۔

## قابل رشک ایمان

مولانا عبدالستار حفظہ اللہ

### سلطنت کی پیش کش

امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ملک روم کی جانب جہاد کی غرض سے ایک لشکر روانہ فرمایا، اس لشکر میں حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ بھی تھے، رومیوں نے انھیں بعض دوسرے مجاہدین کے ساتھ گرفتار کرلیا اور حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ کو اپنے بادشاہ کے پاس لے گئے، بادشاہ کو طاغیہ کہا جاتا تھا، اسے بتایا کہ یہ محمد (ﷺ) کے صحابہ میں سے ہیں۔ طاغیہ نے حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا ایسا ہو سکتا ہے کہ تم اسلام چھوڑ کر نصرانی بن جاؤ، میں تمھیں اپنے ملک اور سلطنت میں شریک کرلوں، یعنی اپنا آدھا ملک تمھیں دے دوں۔ حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اگر تم مجھ سے یہ کہو، میں ایک پلک جھپکنے کے برابر دیر کے لیے اپنے دین سے دست بردار ہو جاؤں اور اس کے بدلے تم اپنی ساری سلطنت اور عربوں کا سارا ملک بھی میرے حوالے کر دو، تو بھی میں اس کے لیے تیار نہیں ہوں گا۔

### خوف ناک منظر

یہ سن کر طاغیہ نے غصہ بھرے لہجے میں کہا: پھر میں تمھیں قتل کر دوں گا، آپ نے جوابا فرمایا: تمھارا جو جی چاہے کرلو، میں اپنے دین سے نہیں ہٹ سکتا۔ چناں چہ طاغیہ نے حکم دیا کہ انھیں سولی پہ لٹکایا جائے اور اپنے تیر اندازوں سے کہا: کہ ان کے ہاتھوں پیروں کے پاس سے تیر گزریں، لیکن لگنے نہ پائیں (مقصد شدید خوف زدہ کرنا تھا) چناں چہ انھوں نے ایسا ہی کیا، اس کے بعد بادشاہ نے پھر عیسائی ہونے کی دعوت دی لیکن آپ کا جواب انکار ہی میں تھا، آخر اس نے حکم دیا، انھیں سولی سے اتارا جائے، ایک بڑی دیگ منگوائی، جس میں پانی بھر کر اس کے نیچے آگ جلا دی گئی اور قید خانے سے دو مسلمان قیدیوں کو بلوایا اور ان میں سے ایک کو (زندہ ہی) اس کھولتی ہوئی دیگ میں ڈال دیا گیا۔ یہ خوف ناک منظر دکھا کر بادشاہ نے ایک بار پھر حضرت عبداللہ بن حذافہ کو نصرانی بننے کی ترغیب دی، آپ رضی اللہ عنہ نے پھر بھی انکار ہی کیا۔

### رونے کی عجیب وجہ

اب بادشاہ نے حکم دیا کہ عبداللہ بن حذافہ کو بھی دیگ میں دال دیا جائے، جب سپاہی اپنے بادشاہ کے حکم پر عمل درآمد کے لیے ان کو لے کر دیگ کی طرف جانے لگے تو آپ کی انکھوں میں آنسو آگئے اور آپ رو پڑے، جب بادشاہ کے کارندوں نے یہ منظر دیکھا تو یہ سمجھ کر کہ شاید موت کے خوف سے رو رہے ہیں، فورا آپ کے رونے کی خبر بادشاہ تک پہنچائی، وہ بھی یہی سمجھا کہ موت کے خوف سے رو رہے ہیں، اس نے آپ کو واپس لانے کا حکم دیا، چناں چہ آپ کو واپس لایا گیا بادشاہ نے پھر وہی بات کی یعنی عیسائی بننے کی دعوت دی آپ نے پھر انکار کیا، بادشاہ بہت حیران ہوا اور پوچھا: اچھا یہ بتاؤ، تم رو کیوں رہے تھے، آپ نے فرمایا: میرے رونے کی وجہ موت کا خوف نہیں تھا، بلکہ میں تو صرف اس لیے رو رہا تھا کہ اب مجھے اس دیگ میں ڈال دیا جائے گا، میری ایک ہی جان ہے، جو ذرا سی دیر میں ختم ہو جائے گی، میری تو خواہش تھی کہ میرے جسم پہ جتنے بال ہیں، اتنی ہی میرے پاس جانیں ہوتیں اور میں ہر جان کے بدلے اللہ کے دین کی خاطر اس دیگ میں ڈالا جاؤں۔


بی بی ایچ یو کے زیر اہتمام کراچی کے مضافاتی علاقے میں فری میڈیکل وآئی کیمپ کے مختلف مناظر



شام کے مسلمانوں کے لیے جانے والا سامان، بائیں طرف سلیپنگ بیگ


بیت السلام فوڈ بینک کراچی کے پاس تقسیم کیلئے آنے والا کھانا


فیصل آباد میں بیت السلام فوڈ بینک کے رضا کار کھانا تقسیم کرتے ہوئے


جامعہ بیت السلام لنک روڈ کراچی ایک تقریب کے دوران طلبہ کا نظم وضبط


فیصل آباد کے ایک پس ماندہ گاؤں میں بچوں میں سموسے تقسیم کیے جارہے ہیں


ہفتہ اقبال کے موقع پر بین المدارس بیت بازی کے فاتحین کیلئے شیلڈ

## عربی انشاء پردازی: جامعہ بیت السلام میں عرب استاذ مقرر

**شیخ بدرالدین تیونسی کے لیکچر سے عربی ادب کے طلبہ کے ساتھ اساتذہ بھی مستفید ہوں گے**

تلہ گنگ (نامہ نگار) جامعہ بیت السلام فیز ٹو میں عربی انشاء پردازی کی مشق کے لیے ایک عرب استاذ شیخ بدرالدین تیونسی کا تقرر عمل میں لایا گیا ہے جو ہر دو ہفتے بعد دو روز کے لیے اسلام آباد سے جامعہ بیت السلام تلہ گنگ جایا کریں گے، گزشتہ ہفتے ان کا پہلا لیکچر تھا، جس میں طلبہ کے ساتھ اساتذہ نے بھی شرکت کی۔


جامعہ بیت السلام فیز ٹو جہاں سائنسی ادارہ بلاٹو قائم کیا گیا

**بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 1**

نمائش ایکسپو سنٹر میں 18 سے 20 نومبر کو منعقد کی گئی۔ جس میں اس فیلڈ سے منسلک ملکی اور بین الاقوامی متعدد اداروں نے حصہ لیا، اس نمائش میں بیت السلام پبلی کیشن نے انتظامیہ کی خصوصی دعوت پہ اپنا اسٹال لگایا، جس میں ادارے کے زیر اہتمام طبع شدہ اصلاحی کتابچے، عربی، اردو اور انگریزی میگزین اور سالے رکھے گئے، تینوں روز نمائش وزٹ کرنے والوں کی ایک بہت بڑی تعداد نے بیت السلام کا اسٹال بھی وزٹ کیا۔ جن میں کچھ معزز غیر ملکی مہمان بھی شامل تھے۔ انھوں نے بیت السلام کے میگزین، رسالے دیکھے، ان کے معیاری طباعت کی بہت تعریف کی۔ یاد رہے بیت السلام پبلی کیشن کے زیر اہتمام عربی میگزین مجلۃ السلام، مقبول عام اردو میگزین ماہ نامہ فہم دین، انگریزی ادبی میگزین INTLLECT اور بچوں کے ادب کا نمائندہ RADIANCE شائع کرتا ہے۔ علاوہ ازیں ادارے کی خدمات کو اپنے نمائندگان اور معاونین تک پہنچانے کے لیے پندرہ روزہ نیوز بلیٹن "بیت السلام بلیٹن" بھی شائع کرتا ہے، مہمانان گرامی نے بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ کی خدمات کو بھی بہت سراہا، خاص طور پہ شام اور روہنگیا مسلمانوں کے لیے کی جانے والی خدمات پہ بہت خوشی کا اظہار کیا، جامعہ بیت السلام کے رئیس حضرت مولانا عبد الستار حفظہ اللہ نے بھی پاک پرنٹ نمائش کا دورہ کیا، اس موقع پہ انتظامیہ نے شریعت کی روشنی میں تجارتی امور پہ حضرت سے رہ نمائی بھی لی۔

**بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 2**

کام شروع کر دیا ہے، بلاٹو سے طلبہ کو مختلف سائنسی مقابلوں میں شرکت کا موقع بھی ملے گا، بلاٹو بطور میڈیا سنٹر بھی کام کر رہا ہے، یہ سنٹر گزشتہ گیارہ ماہ سے شام کے مسلمانوں کے لیے بیت السلام کی خدمات پہ ایک ڈاکیومینٹری بھی تیار کر رہا ہے۔ (جو ان سطور کی اشاعت تک ریلیز کیے جانے کی امید ہے)

**بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 3**

فزیشن اور ایک آئی سرجن کی خدمات حاصل رہیں، پیرا میڈیکس، فارمیسسٹ سمیت دیگر خدمات میں تقریبا تیس رضا کاروں نے بھی حصہ لیا، جن میں مختلف میڈیکل کالجوں کے طلبہ سمیت کئی دوسرے طلبہ بھی شامل ہیں۔ اس کیمپ سے لنک روڈ سے ملحق کراچی کے انتہائی مضافاتی علاقوں کی تقریبا 45 بستیوں کے باسیوں نے استفادہ کیا، میڈیکل اور آئی کیمپ لگانے پر بیت السلام کے لیے احسان مندی کے جذبات کا اظہار کیا، موتیا کے مریض کسی خرچ کے بغیر آپریشن، فالو چیک اپ، دواؤں سے بہت زیادہ خوش ہوئے۔

**بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 4**

دیگر افراد نے اس میں شرکت کی، جس میں ای ہیلتھ اسپیشلسٹ جناب نذیر احمد وید نے لیکچر دیا، اس لیکچر میں انھوں نے ای ہیلتھ ٹیکنا لوجی سے متعلق پریزنٹیشن دی، کہ کس طرح جدید ٹیکنا لوجی اور مشین کی مدد سے دور دراز علاقوں میں بھی ڈاکٹروں کی آن لائن خدمات حاصل کی جا سکتی ہیں، انھوں نے بتایا، ایک تعلیم یافتہ نوجوان اس مشین کی مدد سے مریض اور ڈاکٹر کے درمیان اس طرح معاون اور ترجمان کا کردار ادا کرسکتا ہے، کہ مریض کی منتقلی کی ضرورت رہے نہ ڈاکٹر کو دور لے جانے کی، اس طرح وقت کی بچت کے ساتھ بروقت مریض کو طبی امداد دی جاسکتی ہے۔ ان کے مطابق ای ہیلتھ ماہر کے زیر تربیت تین سے چار ماہ کی ٹریننگ سے اس ٹیکنالوجی کی سہولت سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

**بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 5**

ہفتے جامعہ بیت السلام تلہ گنگ کا دورہ کیا، جامعہ کے تمام شعبہ جات کا مشاہدہ کیا، جامعہ کے نظم ونسق سے بہت متاثر ہوئے، انھوں نے جامعہ کی ڈاکیومینٹری بھی ملاحظہ کی، اور اپنے شعبے یعنی سول ڈیفنس سے متعلق امور میں دل چسپی بھی لی، خاص طور فائر الارم سسٹم اور سیکورٹی سے متعلق دوسرے امور کا جائزہ لیا، اس دوران انھوں نے اپنی فیلڈ اور شعبے سے متعلق قابل عمل کچھ مشورے بھی دیے۔






## شکارپور: مدرسہ بیت السلام کے 4 شعبہ جات میں تقریبا 200 طلبہ زیر تعلیم ہیں

**درجہ قاعدہ، ناظرہ، حفظ قرآن، تعلیم بالغاں کے علاوہ چھٹی جماعت تک اسکول کی تعلیم بھی دی جاتی ہے**

شکار پور (نامہ نگار خصوصی) جامع مسجد بیت السلام شکار پور کے 4 شعبہ جات میں تقریبا 200 طلبہ زیر تعلیم ہیں، یہاں چھٹی جماعت تک اسکول کی تعلیم بھی دی جاتی ہے، جب کہ درجہ قاعدہ، درجہ ناظرہ کی تین اور شعبہ حفظ قرآن کی 2 کلاسیں ہیں، ایک سالہ تعلیم بالغاں کا سلسلہ بھی جاری و ساری ہے جس میں تجوید، تفسیر، حدیث، فقہ اور عربی پڑھائی جاتی ہے، عصر کی نماز کے بعد درس حدیث، مغرب کے بعد درس قرآن اور عشاء کے بعد مسائل بتائے جاتے ہیں۔ گزشتہ دنوں جامعہ بیت السلام کراچی کے اساتذہ یہاں ایک تربیتی ورک شاپ برائے اساتذہ مکاتب قرآنیہ بھی کروا چکے ہیں۔ اس دوران مفتی اسداللہ اور مولانا علی طلبہ اور عامۃ الناس کے لیے اصلاحی بیان بھی کیا، جس میں حصول علم دین اور اس کے فوائد بیان کیے گئے۔


شکارپور: بیت السلام کے طلبہ امتحان دیتے ہوئے

دی بیت السلام بلیٹن

یکم تا 15 دسمبر 2017ء | 12 تا 26 ربیع الاول، 1439ھ | جلد نمبر 2، شمارہ نمبر 30


# فری میڈیکل اور آئی کیمپ 10 آپریشن تقریباً 500 مریضوں کا چیک اپ ہزاروں روپے کی مفت دوائیں

## بیت السلام میڈیکل کیمپ سے کراچی کے انتہائی مضافاتی علاقوں کی 45 بستیوں کا استفادہ، نامور اسپتالوں کے 9 ماہر ڈاکٹر، آئی سرجن اور تقریباً 30 رضا کاروں کی خدمات حاصل رہیں

**مختلف میڈیکل کالجوں سے زیر تربیت طلبہ نے بھی رضاکارانہ خدمات انجام دیں، کیمپ سے استفادہ کرنے والوں کا اظہار تشکر، موتیا کے مریضوں کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو**

کراچی (نمائندہ خصوصی) بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ کے شعبہ بیت السلام بیسک ہیلتھ یونٹ (B B H U) کے زیر اہتمام ایک روزہ فری جنرل میڈیکل اور آئی کیمپ لگایا گیا، آئی کیمپ میں آپریشن تھیٹر بھی بنایا گیا تھا، جس میں موتیا کے دس مریضوں کا آپریشن کیا گیا، آنکھوں کے دیگر متعدد مریضوں کو بھی مفت دوائیں اور چشمے دیے گئے، مجموعی طور پہ تقریباً 500 مریضوں کا چیک اپ کیا گیا، متعدد مریضوں کو نیبولائز کیا گیا، بلڈ پریشر اور شوگر چیک کیا گیا، آنے والے مریضوں کو دوائیں بھی بلا قیمت دی گئیں، ہزار ہا روپے کی دوائیں ہر بار فری کیمپ کے موقع پہ مریضوں کو دی جاتی ہیں شہر کے نامور اسپتالوں سے نو ماہر جنرل

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 03

# پاک پرنٹ نمائش، بیت السلام پبلی کیشن کا اسٹال

## کراچی کے ایکسپو سنٹر میں منعقدہ تین روزہ نمائش میں وزیٹر کی بڑی تعداد نے اسٹال وزٹ کیا

**میگزین اور کتب کے معیار کی تعریف، رفاہی خدمات خصوصاً شام، برما کے لیے خدمات کو سراہا**

کراچی (پ ر) پاپ گی (پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک انڈسٹری) کے زیر اہتمام تین روزہ پاک پرنٹ

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 01



پاک پرنٹ نمائش میں بیت السلام پبلیکیشن کا اسٹال



اس خیمے میں 8 سے 9 افراد اپنے ضروری سامان کے ساتھ رہ سکتے ہیں، ایسے 4،500 خیمے شام روانہ کیے جا چکے ہیں

## بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے شام کے مسلمان بھائیوں کے لیے امدادی سامان جانے کا سلسلہ جاری

# امدادی سامان کے 34 کنٹینرز روانہ

## ترک رفاہی ادارے آفاد کے ذریعے 25 اور دیانت فاؤنڈیشن (ترکی) کے ذریعے امدادی سامان کے 9 کنٹینرز بھیجے گئے

**64 ہزار سے زیادہ کمبل، 4680 خیمے، 25400 جوتے، 1500 سلیپنگ بیگ اور مریضوں کیلئے 6 ہزار ڈائپر شامل ہیں**

کراچی (پ ر) بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے شامی جنگ سے متاثرین کے لیے امدادی سامان کی ترسیل جاری ہے، اس سلسلے میں اب تک کراچی سے ترکی کے لیے 34 کنٹینر روانہ ہو چکے ہیں، یہ خدمات ترکی کے رفاہی اداروں آفاد اور دیانت فاؤنڈیشن کے ذریعے کی جا رہی ہیں۔ روانہ کیے گئے کنٹینرز میں 25 کنٹینرز آفاد اور 9 کنٹینرز دیانت فاؤنڈیشن کے ذریعے بھیجے گئے، اس امدادی سامان میں 64 ہزار سے زیادہ کمبل، 4680 خیمے، 25400 جوتے 1500 سلیپنگ بیگ اور مریضوں کے لیے 6 ہزار ڈائپر شامل ہیں۔

# بیت السلام بیسک ہیلتھ یونٹ نے ای ہیلتھ ورکشاپ کا انعقاد کیا

## جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے دور دراز اور پسماندہ علاقوں سے مریض منتقل کیے بغیر انھیں طبی امداد سہولت سے دی جا سکتی ہے

**تین چار ماہ کی ٹریننگ سے ایک تعلیم یافتہ شخص ڈاکٹر اور مریض کے درمیان معاون اور ترجمان کا کردار بخوبی ادا کر سکتا ہے**

ہیلتھ یونٹ نے ای ہیلتھ کے موضوع ... السلام شعبہ صحت سے متعلق افراد سمیت ... والے متعدد

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 04

# جامعہ بیت السلام تلہ گنگ میں سائنسی ادارے "بلاٹو" کا قیام

## دین کی روشنی میں طلبہ کی سائنسی و عصری علوم میں استعداد بڑھانے، سائنسی مقابلوں میں شرکت ادارے کے مقاصد میں شامل ہے

**طلبہ کا مختلف روبوٹیک پروجیکٹ پر کام جاری، بلاٹو بطور میڈیا سنٹر بھی کام کر رہا ہے، شام کے لیے خدمات پر ڈاکومینٹری پہلی کاوش ہوگی**

تلہ گنگ (نامہ نگار خصوصی) جامعہ بیت السلام تلہ گنگ میں سائنسی ادارے "بلاٹو" کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، جس کا مقصد طلبہ میں دین کی روشنی میں سائنسی اور عصری علوم کی استعداد بڑھانا ہے، چناں چہ اپنے اساتذہ کی رہ نمائی اور نگرانی میں طلبہ نے مختلف روبوٹیک پروجیکٹ پہ

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 02

# سول ڈیفنس کے اعلیٰ افسر کا دورہ جامعہ بیت السلام

تلہ گنگ (نامہ نگار) سول ڈیفنس چکوال کے سربراہ جناب طالب حسین نے گزشتہ

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 05

# کراچی، فیصل آباد: بیت السلام فوڈ بنک نے تین ہزار مستحقین کو کھانا کھلایا

## فوڈ بنک نے غریب بستیوں اور مزدور پیشہ افراد تک کھانا پہنچایا، پسماندہ گاؤں کے تقریباً 80 بچوں میں سموسے تقسیم کیے

کراچی + فیصل آباد (پ ر) بیت السلام فوڈ بنک کے زیر اہتمام کراچی اور فیصل آباد میں تقریباً تین ہزار افراد میں کھانا تقسیم کیا گیا، جب کہ فیصل آباد کے ایک پسماندہ گاؤں کے تقریباً 80 بچوں میں سموسے تقسیم کیے گئے، کراچی کے جن علاقوں میں کھانا تقسیم کیا گیا، ان میں گزری، لیاری، بلال کالونی، جناح اسپتال، سیفل گوٹھ اور فیصل آباد میں ستیانہ روڈ، سرگودھا یونی ورسٹی، خانوانہ بائی پاس کے علاقے شامل ہیں۔ بیت السلام فوڈ بنک کے رضا کار غریب بستیوں میں جا کر کھانا تقسیم کرتے ہیں اور مزدور پیشہ افراد کو تلاش کر کے ان تک کھانا پہنچاتے ہیں۔